RESOLUTION NO. 606

یہ ایوان بالا، پاکستان کی خودمختاری، سلامتی اور قومی وقار کے تحفظ کے لیے افواج پاکستان، سیکیورٹی اداروں، اور پوری پاکستانی قوم کی بے مثال قربانیوں، جرات اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

یہ ایوان "معرکہ ؟ حق" اور "آپریشن بنیان المرصوص" میں افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت حکمت عملی، اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے پر انہیں سلام پیش کرتا ہے، جن کے نتیجے میں بھارتی "آپریشن سندور" کو مؤثر انداز میں ناکام بنایا گیا اور دشمن کو واضح پیغام دیا گیا کہ پاکستان اپنی سلامتی، خودمختاری اور قومی مفادات کے تحفظ کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔

یہ ایوان وزیرِاعظم پاکستان جناب محمد شہباز شریف اور صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری کی مدبرانہ قیادت، قومی یکجہتی کے فروغ، اور عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کی کاوشوں کو سراہتا ہے۔
پاکستان کی سیاسی جماعتوں اور میڈیا کے کردار کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

یہ ایوان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جراتمندانہ قیادت، عسکری حکمتِ عملی، اور ملکی دفاع کے لیے ان کی غیر معمولی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہے، جنہوں نے افواج پاکستان کے مورال، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قومی دفاع کو مزید مضبوط بنایا۔

یہ ایوان افواج پاکستان کے تمام شہداء اور غازیوں کو سلامِ عقیدت پیش کرتا ہے، جنہوں نے مادرِ وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ اسی طرح یہ ایوان ان معصوم شہریوں اور سویلین شہداء کو بھی خراج عقیدت پیش کرتا ہے جو دشمن کی جارحیت اور دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہوئے، اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

یہ ایوان اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پاکستان کے دفاع، سالمیت اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

مزید برآں، یہ ایوان عالمی برادری پر زور دیتا ہے کہ وہ خطے میں امن، استحکام اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے اور جنوبی ایشیا میں کشیدگی بڑھانے والے اقدامات کی حوصلہ شکنی کرے۔

قرارداد متفقہ طور پر منظور کی جائے۔

Scanned with CamScanner

Moved by Dr. Tariq Fazal Chudhary (Minster for Parliamentary Affairs) on his own behalf and behalf of Senators Sherry Rehman, Saleem Mandviwalla, Amir Waliuddin Chishti, Shahadat Awan, Syed Waqar Mehdi, Rana Sana Ullah Khan, and Manzoor Ahmed, Unanimously Passed by the House on Thursday, the 7th May, 2026.